
# یوکرین بحران اور ہمارا جواب

تازہ ترین صورتحال پر مشتمل بلیٹن نمبر 03

انیس مارچ 2022






روس یوکرین بحران 24 فروری2022 کو شروع ہوا۔ اسکے بعد سے لے کر اب تک ایک اندازے کے مطابق 3.2 ملین لوگ (جن میں زیادہ ترعورتیں، بچےاور بوڑھے افرادشامل ہیں) یوکرین سے ہجرت کرچکے ہیں۔ مزید ایک محتاط اندازے کے مطابق1.85 ملین افراد یوکرین کے اندر بے گھرہیں جو کہ Kyiv, Dniproاور Lviv کی جانب رخ کر رہے ہیں۔

ان مہاجرین میں سے ایک بڑی تعداد معذور یا تشویشناک امراض کے شکار بچوں کی ہے۔ پولینڈ پہنچنے کے بعد ایسے کچھ مریضوں اور معذوروں کی نگہداشت کا کام جاری ہے۔

ہیومینٹی فرسٹ نے جرمنی سے پہلی ٹیم 27 فروری کو پولینڈ کی یوکرین سے ملحقہ سرحد پر بھیجی۔ تب سے اب تک رضا کارانہ طور پر خدمات سرانجام دینے والے احباب


**Humanity First Deutschland e. V.**
Genferstr. 11
60437 Frankfurt am Main
Deutschland

پر مشتمل ٹیم یوکرین سے آنے والے مہاجرین کو خوراک اورطبی امداد مہیا کررہی ہے۔ ہیومینٹی فرسٹ کی ٹیم اقوام متحدہ کی ایجنسیوں جیسے ڈبلیو ایچ او،ڈبلیو ایف پی اور او سی ایچ اے کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے خدمات سرانجام دے رہی ہے۔

پولینڈ کے اس حصے میں زیادہ تر مہاجرین Lviv کے راستے کار، بس یا ٹرین کے ذریعے پہنچ رہے ہیں۔ پولینڈ کی انتظامیہ کی جانب سے ان سرحد پارکرنے والے مہاجرین کیلئے پرزیمسیل میں پناہ گاہوں یا مزیدآگے کراکاؤ اور وارسا میں بوقت ضرورت سفر آگے جاری رکھنے کیلئے اچھے انتظامات موجود ہیں۔





ہمارے طبی رضاکار Sauvetures Sans Frontieres (SSF) اور Intersos کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ سرحد تک پہنچنے کے طویل عمل اورانتظار میں موجود لوگوں کی لمبی قطاریں اور موسم سرما کے سخت حالات کے باعث زیادہ تر مریضوں کو تھکاوٹ، سر درد، گلے میں خراش اور بخار جیسی شکایات کا سامنا ہے۔ روزانہ کے مریضوں کی تعداد مختلف ہوتی ہے۔ پولینڈ میں سرحد کی اس جانب صدمے سے پہنچنے والے نقصانات کے ساتھ ساتھ بنیادی دیکھ بھال بھی زیادہ ضروری ہے۔ ہمارے طبی رضاکاروں نے اب تک 556 مریضوں کو طبی امداد فراہم کی ہے جن میں 50یتیم بچوں پر مشتمل ایک گروپ کے ساتھ ساتھ سینکڑوں دوسرے مہاجرین شامل تھے۔چونکہ ہیومینٹی فرسٹ مسلسل کئی ہفتوں سے طبی امداد فراہم کر رہی ہے، ہماری ٹیم کو ادویات اور ایک defibrillator جسکی مالیت 7000,00یورو کی ہے عطیہ کے طور پر ملا ہے۔ دیگر ڈاکٹران صاحبان کوبھی ہیومینٹی فرسٹ کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ہدایت ہے۔ادویات اور دیگر وسائل یوکرین پہنچا دیئے گئے ہیں، جو کہ کم از کم 10,000مریضوں کی دیکھ بھال کیلئے کام آسکتے ہیں۔



ہیومینٹی فرسٹ نےسرحد سے ملحقہ علاقہ میں ریڈ کراس پولینڈ کی جانب سےچلائے جانے والے Medyka camp میں مزید ایک امدادی ٹینٹ بھی لگایا ہے۔ یہاں ہماری ٹیم روزانہ گرم مشروبات اور گرم کھانے کے ذریعہ سرحد پار کرنے والے مہاجرین کی دیکھ بھال کر رہی ہے۔ چونکہ یوکرین کی طرف قطاریں بہت لمبی ہیں چنانچہ پچھلے کئی ہفتوں سے ہیومینٹی فرسٹ سینکڑوں کی تعداد میں گرم کھانوں کے پیکٹس ان قطاروں میں موجود افراد کو فراہم کر رہی ہے۔ اب تک ہیومینٹی فرسٹ 13,600 سے زائد کھانے کے پیکٹس اور 13,000 سے زیادہ گرم مشروبات چائے یا کافی فراہم کرچکی ہے۔ہم نے بچوں




کیلئے فرنچ فرائیز(تلے ہوئے آلو) اور 1,500 سینڈوچ بھی ناشتے کیلئے فراہم کئے۔ چونکہ مہاجرین مسلسل اپنے

پیاروں سے رابطے کی کوشش کر رہے ہیں، چنانچہ ہیومینیٹی فرسٹ کی ٹیم نے 800 موبائل سم کارڈ بلاقیمت نیز 10,750 حفظان صحت کی کٹس اور انرجی فوڈ بھی مہاجرین کو مہیا کئے ہیں۔

ہیومینٹی فرسٹ نےمہاجرین اور انکے سامان کو ٹرین اسٹیشن تک پہنچانے کیلئے کچھ buggies کا بھی استعمال کیا ہے۔ ٹرین استعمال کرنے والے مہاجرین کیلئے ان buggies کا استعمال بڑھایا جائے گا۔

ہیومینٹی فرسٹ نے Moldova کے سرحدی علاقه میں موجود مختلف کیمپوں میں مہاجرین کی مدد کیلئے اپنی امدادی کاروائیوں کا آغاز کر دیا ہے۔

یومینٹی فرسٹ کی یورپ میں پھیلی ہوئی دیگر شاخیں دیگر تمام وسائل،فنڈز اور رضاکاروں کے ساتھ مدد کررہی ہیں۔ میڈیکل رضاکاروں پر مشتمل ٹیمیں جو که ہنگامی حالات میں کام کا تجربه رکھتی ہیں فی الوقت براعظم شمالی امریکه اور یورپ کے دیگر ممالک میں اسٹینڈ بائی پر ہیں۔

Medyka میں ہماری ٹیم اپنے کام کے دائرہ کار، روابط اور حفاظتی اقدامات کو مؤثر کرنے کیلئےروزانہ کی بنیادوں پر ریڈ کراس اورمقامی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کر رہی ہے۔بہت سے سیاستدان اور سینئر حکام بھی ہیومینٹی فرسٹ کے ان کاموں کا جائزہ لے چکے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ میڈیا مثلاً Die Welt, VOI Radio, Asahi TV, CNN وغیرہ بھی ہماری ٹیموں کے انٹرویو لے چکے ہیں۔مقامی حکام نے سرحدی کیمپ کے پاس موبائیل سگنلز کو بہتر کرنے کیلئے اینٹینا بھی نصب کروایا ہے جسکی وجہ سے موقع پر موجود ہماری ٹیم سے کیمیونیکیشن آسان ہو گئی ہے۔



ہیومینیٹی فرسٹ کی تشخیص کے مطابق فی الحال کپڑوں، جوتوں، کھلونوں وغیرہ کے عطیات جمع کرنے اور سرحدی علاقه میں پہنچانے کی ضرورت نہیں ہے۔ مہاجرین کی اکثریت کے پاس ایک سوٹ کیس میں سامان ہوتا ہے اور(انکے پاس)اضافی اشیاء اٹھانے کی گنجائش نہیں ہوتی۔ جمع شدہ عطیات کا استعمال مقامی طور پر مہاجرین کی مدد کے لیے کیا جارہا ہے، جو متاثرہ افراد کی ضروریات کے مطابق استعمال میں لائے جاتے ہیں۔

مہاجرین مالڈووا، ہنگری، سلوواکیه ،روس اور رومانیه کی سرحدیں بھی پار کر کے وہاں جا رہے ہیں۔ ہیومینیٹی فرسٹ ان مقامات کے ساتھ ساتھ دیگرمقامات پربھی مہاجرین کی ضروریات کا جائزہ لے رہی ہے۔

**کچھ ہیومینیٹی فرسٹ کے بارہ میں:**

ہیومینٹی فرسٹ (HF) ایک بین الاقوامی امدادی ایجنسی ہے، جس کا ہیڈ کوارٹر برطانیه میں ہے اور دیگر 61 ممالک میں اسکی شاخیں موجود ہیں۔ HF ایک عالمی رضا کار نیٹ ورک کا استعمال کرتے ہوئے ہنگامی امداد فراہم کرتی ہے، اورنسل، جنس، عمر، مذہب یا سیاسی وابستگی سے بالا تر ہو کر، صرف انسانی ضرورت کی بنیاد پر کام کرتی ہے۔1995 میں اپنے آغاز سے لے کراب تک HF نے 190 سے زائدمرتبہ ہنگامی صورتحال کا جواب 99 ممالک میں، 2.5 ملین سے زائد لوگوں کو امداد فراہم کر کے دیا۔

Humanity First
Serving Mankind

**Contact:**
Office Humanity First Germany
Tel.: 06251-7071230
Fax: 06251-9853489
Info@humanityfirst.de